شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔ ۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

12اگست2010

رمضان المبارک کے موقع پر سکریٹری کلنٹن کا پیغام

واشنگٹن: امریکی محکمۂ خارجہ کی جانب سے، میں دنیا بھر کے تمام مسلمانوں کو بابرکت اور پُر مسرت مضان المبارک کی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

رمضان خود احتسابی اور دوسروں کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کا موقع ہے۔ امریکی مسلمان اپنے ملک کے لئے ہر روز گراں قدر خدمات انجام دیتے ہیں، اور وہ اس مہینہ کے دوران لاکھوں کی تعداد میں اپنے سماج اور فرقہ کے لوگوں کی خدمت کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

ہمارے درجنوں سفارتخانوں کے ساتھ، میں واشنگٹن ڈی سی میں افطار کی میزبانی کروں گی جس میں مسلمان اور غیر مسلم اکٹھا ہو کر ہماری مشترکہ اقدار، عقیدہ اور سال گزشتہ کی نعمتوں کی عکاسی کریں گے۔ اپنی دعوت افطار میں ہم ان درجنوں نوجوان امریکی مسلمانوں کی حوصلہ افزائی کریں گے جو اپنی توانائی اور جذبہ کے ساتھ اپنے ملک کے مستقبل کو سنوارنے میں مدد کر رہے ہیں۔ یہ نوجوان کاروباری و سماجی منتظمین، اسکالرس، روحانی پیشوا اور دنیا بھر کے دیگر مسلم نوجوان اس دنیا کے تمام شہریوں کے مابین باہمی احترام اور تعاون کا ایک نیا دور شروع کرنے میں رہنمائی کر رہے ہیں۔

امن اور تجدید کے اس ماہ میں، میں دنیا بھر کے 1.5 بلین مسلمانوں کو رمضان کریم کی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔

☆☆☆